قسط نمبر ۱

فن تعویذات، نقوش وطلسمات، وظائف و عملیات پر ایک منفرد رسالہ

صوفی محمد عمران رضوی القادری

www.idararoohaniimdad.in

بسم اللہ الرحمن الرحیم

المستغاث الیٰ حضرۃ اللہ تعالیٰ — الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

بفیض روحانی غوث صمدانی محبوب سبحانی سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

بظل عرفانی عطائے رسول سلطان الہند حضرت خواجہ معین الدین چشتی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

فن تعویذات، نقوش وطلسمات، وظائف و عملیات پر ایک منفرد رسالہ

مدیر

فقیر قادری گدائے چشتی

صوفی محمد عمران رضوی القادری

ادارہ روحانی امداد

Idara Roohani Imdad

Cell -0091 9883021668

Tell- 0091 33 23607502

Tell-0091 33 25587502

Email : sufiimranrazvee@yahoo.com

www.idararoohaniimdad.in

www.taweeztalisman.com

Twitter-https://twitter.com/SUFIIMRANRAZVEE

Facebook Page https://www.facebook.com/sufiimranrazvee/

Facebook-https://www.facebook.com/sufimohammad.imranrazvee

YouTube:https://www.youtube.com/channel/UCgiD0cc4utSgsVcKIQNQRCg

انتباہ

Composed By

Sana Fatema

Circulation

Rizwan Razvee Quadri
Wasif Raza Quadri

Soft Copy (PDF) Rs50/-
Hard Copy (Printed) Rs150/-
Price may vary in future

مشمولات

روحانی ممبرشپ

(برائے روحانی عامل کورس)

پچھلے سال احباب کی فرمائش پر روحانی ممبرشپ کا سلسلہ عام کر دیا گیا تھا لیکن جلد ہی اتنے سارے لوگ جمع ہو گئے کہ انہیں اپنی مصروفیت میں سے وقت دینا فرداً فرداً انہیں اسباق دینا اور پھر نگاہ رکھنا یہ میرے لئے مشکل ہوتا جا رہا تھا بالآخر جلد ہی ممبرشپ کا سلسلہ اس جون دو ہزار اٹھارہ تک موخر کر دیا گیا اس دوران بے شمار افراد نے خواہش ظاہر کی کیوں کو جواب وقت پر نا دے سکا اور بہت سارے احباب کو میں نے اپنے براڈ کاسٹ میں ایڈ کر لیا کہ اس تعلق جب نیا اعلان ہوگا تو آپ حضرات ممبرشپ حاصل کر سکینگے ۔۔۔اس فن سے دلچسپی رکھنے والے افراد دو قسم کے ہیں ایک وہ ہیں جو کہ اعمال اشغال اوراد و وظائف چلہ کشی وغیرہ کا شوق رکھتے ہیں اور روحانی معالج یا عامل بننا چاہتے ہیں اور دوسرے وہ لوگ ہیں جو کہ اس قدر محنت مشقت میں پڑنا نہیں چاہتے بلکہ اعداد و حروف اور نقوش وغیرہ کی بنیادی معلومات حاصل کر کے وقتِ ضرورت اپنا کام نکالنا چاہتے ہیں۔۔لہٰذا ہر دو قسم کے افراد ممبرشپ حاصل کر سکتے ہیں پچھلی بار اسکے لئے سالانہ فیس مقرر کی گئی تھی جسے اب میں نے یکسر ختم کر دیا ہے البتہ ممبر بنتے وقت آپ اپنی حیثیت کے مطابق ضرور ہدیہ پیش کریں تا کہ آپ کی سنجیدگی کا بھی پتہ چلے اس کے علاوہ کوئی سالانہ فیس نہیں ہوگی باقی اصول و ضوابط جو پہلے جو لکھے گئے تھے لگھ بھگ وہی ہونگے اگر کوئی مناسب تبدیلی کرنی پڑی تو وہ کی جائیگی ان شاء اللہ۔۔۔ممبرشپ کے لئے فارم میری ویب سائٹ پر موجود ہے وہاں سے پرنٹ نکال لیں اور اسے بھر کر میرے ایڈریس پر روانہ کر دیں اندرون ملک والوں کے لئے یہ ضروری ہوگا اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں اور بیرون ممالک کے احباب فارم بھر کر اس کی امیج ای میل کریں اور فون یا واٹساپ پر اطلاع کر دیں۔۔۔

دعاء گو فقیر قادری گدائے چشتی محمد عمران رضوی

اداریہ

از۔صوفی محمد عمران رضوی القادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فن عملیات ونقوش میں استفادہ کی غرض سے ملک و بیرون ملک سے بہت سارے احباب فقیر سے مستقل رابطے میں رہتے ہیں ان احباب میں سے اکثر کی خواہش ہوئی کہ فن عملیات پر کوئی ماہانہ رسالہ شائع کیا جائے، چونکہ یہ کام مجھ جیسے بے بضاعت، کم علم اور تنہا شخص کے بس کا نہیں لیکن احباب کی دلجوئی بھی مقصود ہے اس واسطے میں نے اجرائے شمارہ کی صورت یہ نکالی ہے کہ رسالہ قسط وار شائع کروں نا کہ ماہانہ، البتہ کوشش یہ رہے گی کہ ۴۰ چالیس دنوں میں خدائے قدیر کی توفیق سے ایک نئی قسط ضیافت طبع کے لئے حاضر کر دوں، احباب میں جو باضابطہ عامل ہیں اور روحانی علاج و معالجہ کا شغل رکھتے ہیں الاوفاق کی یہ پہلی قسط خاص طور پر ان کے لئے ہے اس رسالے میں بہت سارے نا سہی لیکن چند وہ نقوش پیش کرتا ہوں جو کہ معمولِ مطب ہیں اور احباب کو ان سے بڑا فائدہ ہوگا کہ ایک مختصر سا بیاض محبت و عداوت، خیر و برکت، دولت و ثروت، رد سحر دفع آسیب و شیاطین کا انہیں مل جائیگا، جاننا چاہیئے کہ یہ فن محض پڑھ لینے سے نہیں بلکہ مطب میں بیٹھنے سے آتا ہے اور یہ پاکیزہ علم تشخیصِ مرض و تحقیقِ حال سے لیکر نقوش و اعمال کے درست انتخابات اور سائل کو مکمل فائدہ ہونے تک سے عبارت ہے اس فن میں وہی لوگ کامیاب ہو سکتے ہیں جو جہد مسلسل پر یقین رکھتے ہیں کیوں کہ اس راہ میں رکاوٹیں بے شمار ہیں اگر آپ استقلال وثبات قدمی کے ساتھ اس فن کو پکڑے رہیں گے تو ایک نا ایک دن آپ کی مراد ضرور بر آئیگی اور محنت و مشقت کا صلہ دائمی طور پر موصول ہوتا رہیگا

اس رسالے کے اجراء کی غرض وغایت دنیوی نفع کا حصول نہیں بلکہ خالص لوجہ اللہ احباب کی رہنمائی اور فن عملیات میں بخل شکنی کی روش کو عام کرنا ہے ہاں اگراس راستے سے کچھ مالی نفع بھی ہوجائے تو کیا حرج ہے باقی میری نیت وہی اول الذکر ہے انما الاعمال بالنیات (حدیث) اعمال کا دارومدار نیت پر ہے ،میرے احباب میں علمائے کرام ذوی الاحترام، آئمہ مساجد وحفاظ کرام سے لیکر عام متقی صالح افراد بھی شامل ہیں ان سب سے التماس کروں گا کہ اگروہ اس رسالے کو مفید پائیں تو میرے والد ماجد مرحوم مغفور محمد ادریس رضوی کے لئے قرآنی آیات میں سے جو کچھ میسر آئے حسب توفیق پڑھ کر دعائے مغفرت وایصالِ ثواب کریں اور فقیر کو بھی دعاء میں یاد رکھیں اللہ تبارک وتعالیٰ مجھے اور میرے تمام احباب کو علم نافع عطاء فرمائے آمین بجاہ النبی الکریم علیہ افضل الصلوٰۃ واکمل التسلیم

بسم اللہ شریف کے مجرب نقوش

نقش مظہر و مضمر برائے جملہ حاجات دینی و دنیاوی کیلئے عروج ماہ نو چندی جمعرات یا جمعہ کو پہلی ساعت میں لکھے ایک ایسا کاغذ جس کی دونوں جانب نقش مربع کے خانے ٹھیک ایک دوسرے کے پیچھے بنانا ہے اور ایک جانب عددی نقش جسے مضمر اور دوسری جانب حرفی یا عربی نقش جسے مظہر کہتے ہیں زعفران سے لکھنا ہے نقش لکھنے سے قبل کاغذ پر ۱۹ مرتبہ درود غوثیہ پڑھ کر دم کرے اور نقش مکمل کرنے کے بعد سات سو چھیاسی ۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر دم کرے جس مقصد کے لئے لکھا جائیگا وہ مقصد ضرور پورا ہوگا نقوش یہ ہیں

وفق نمبر ۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قولہ الحق — جبرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
الرحیم	الرحمن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمن
الرحمن	الرحیم	بسم	اللہ

استعمال کا طریقہ

نقش کو چاندی کے خول میں بند کر کے بچیوں کو استعمال کرائیں ان کی شادی سے لیکر سسرال، اولاد اور صحت کسی بھی مقصد کیلئے اور مرد یا لڑکے کو ہرے کپڑے میں سل کر موم جامہ کر کے ہر مقصد خیر کیلئے پہنائے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قولہ الحق — جبرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۱
۱۹۴	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

نوٹ

عاملین و احباب جنہیں اجازت ہے وہ دوسروں کو لکھ کر دے اور عوام الناس میں ہر کوئی خود اپنے لئے لکھ سکتا ہے

نقش بسمِ اللہ برائے حصول دولت

یہ نقش بسم اللہ شریف کا حصول مال وزر کیلئے از حد مفید اور لاجواب ہے عرصہ ۱۵ سالوں سے فقیر کے معمول میں ہے میں نے مختلف طریقوں سے اس کی زکاتیں ادا کی اور اس کے فوائد وثمرات بہت زیادہ ہے نوچندی جمعرات کو اول ساعت مشتری میں لکھ کر پاس رکھے تو مال وزر میں اضافہ ہو فاقہ کشی کبھی پاس نا بھٹکے شرف مشتری یا شرف شمس میں اس کی لوح تیار کرے تو بہت جلد امیر کبیر ہو جائے۔

نقش کو عمل میں لانے کا طریقہ ہمارے احباب کیلئے پیش کرتا ہوں ویسے تو بلا زکات ہی محض اجازت سے یہ نقش کام کرتا ہے لیکن عاملین کیلئے اس کی معمولی ریاضت میں ضروری سمجھتا ہوں کہ اس سے وہ خود اس کے برکات سے مالا مال ہونگے اور ان کا حوصلہ بھی بڑھے گا

چاہئے کہ عروج ماہ میں جمعرات کے دن سے شروع کرے اور روزانہ بعد نماز فجر طلوع آفتاب کے فوراً بعد ۱۹ نقوش زعفران سے لکھ کر ہر نقش پر ۱۹ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر دم کرے اول آخر درود ۳ بار پھر آٹے میں لپیٹ کر ان نقوش کو دریا میں ڈالے یا ایسے بڑے تالاب یا حوض میں جن میں مچھلیاں بکثرت ہوں یہ عمل ۱۹ دنوں تک کرے انشاء اللہ ۱۹ دنوں میں قدرت خداوندی کا مشاہدہ کریگا پھر جس حاجتمند کو چاہے صحیح وقتوں میں لکھ کر دیا کرے باذن اللہ موثر پائے گا

وفق نمبر ۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

قوله — الحق

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
حی قریب	کافی واصف	الباسط	دیان
سلطان واسع	رزاق	محیی	الجلیل
محیط	عادل	روف	وھاب قدیر

عزائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

نقش بسم اللہ برائے ہر مقصد (باموکل)

بسم اللہ شریف کا یہ مثلث مربع کی طرح لاجواب ہے اسے ہر مقصد کے لئے لکھ سکتے ہیں اگر تسخیر حکام کیلئے لکھنا ہو تو اتوار کے دن شمس کی ساعت میں لکھے اگر شفا کے امراض کیلئے لکھنا ہو تو پیر کے دن قمر کی ساعت میں لکھے اور اگر قوت باہ کیلئے لکھنا ہوں تو منگل کے دن مریخ کے ساعت میں لکھے اگر قوت حافظہ وذہن کیلئے لکھنا ہو بدھ کے دن عطارد کی ساعت میں لکھے اگر خیر و برکت کیلئے لکھنا ہوں تو جمعرات کے دن مشتری کے ساعت میں لکھے اگر زمین جائیداد کی حفاظت کے غرض سے لکھنا ہوں تو ہفتہ کے دن زحل کی ساعت میں لکھے اور لکھنے کے بعد نقش پر یہ عزیمت پڑھ کر دم کرے اجب یا جبرائیل یا ھمواکیل یا رویائیل یا اسرافیل یا طاطائیل یا دوریائیل یا امواکیل یا تنکفیل یا حولائیل یا سرکیتائیل بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم ایک سو انیس مرتبہ مزکورہ بالا عزیمت مع درود شریف اول آخر ۳ا بار پڑھ کر نقش پر دم کر کے حاجتمندوں کو دیا کرے جس مقصد کیلئے لکھے گا موثر پائیگا

اگر اس نقش کا عامل بننا ہو تو اجازت حاصل کر کے ایک نشست میں سات سو چھیاسی مرتبہ لکھے اور دوسری نشست میں سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر ان نقوش پر دم کر لو اسی روز عصر سے قبل دریا میں ڈلا جائے یہ عمل جمعرات یا جمعہ کو کرنا چاہیے اور روزہ سے ہو تو بہت عمدہ

وفق نمبر ۳

عامل بننے کیلئے نقش یوں لکھا جائیگا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۶۳	۲۵۸	۲۶۵
۲۶۴	۲۶۲	۲۶۰
۲۵۹	۲۶۶	۲۶۱

عزیمت دوسری طرف

پھر جب کسی حاجت کیلئے نقش لکھنا ہوگا تو اس طریقے سے لکھے اور اس کے پشت یہ عزیمت لکھے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قولہ جبرائیل علیہ السلام الحق

۲۶۲	۲۵۸	۲۶۴
۲۶۳	۲۶۱	۲۶۰
۲۵۹	۲۶۵	۲۶۱

عزرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

نقش تسخیر خلائق

یہ نقش مشہور زمانہ ہے اور ہمارے مشائخ قادریہ برکاتیہ رضویہ کے نوادارات میں سے ہے اکثر اکابر اس کے عامل ہر گذرے ہیں اور ہزاروں بندگان خدا کو اس نقش کے ذریعہ فیض یاب کیا ہے یہ نقش تسخیر خلق میں برق رفتار ہے اور جب قمر نحوست سے بری ہو زعفران سے لکھے یا دھات پر کندہ کرے فقیر قادری اس نقش کو شرف آفتاب میں بکثرت لکھتا ہے نقش یہ ہے

وفق نمبر ۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

فعالہ	فی کل	المحمود	یااللہ
یااللہ	المحمود	فی کل	فعالہ
فی کل	فعالہ	یااللہ	المحمود
المحمود	یااللہ	فعالہ	فی کل

قولہ الحق — عزرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

نقش کی ریاضت اور زکات کا طریقہ

بلا زکات و ریاضت محض اجازت بھی کافی ہے مگر فقیر قادری کے بتائے ہوئے طریقے سے احباب اس کی ریاضت بھی کرلیں تو نور علیٰ نور ہو جائے

بروز اتوار شروع کرے اور روزانہ ۲۲ نقوش چالیس دنوں تک لکھے اور لکھے ہوئے نقوش کو دریا میں ڈالے آٹے میں لپیٹنا ضروری نہیں اور اگر دریا پاس نہیں تو آٹے میں لپیٹ کر اسے تالاب یا حوض میں ڈالے جن میں مچھلیاں ہوانشاء اللہ اس نقش کا عامل ہوگا۔

روزانہ لکھنے والے نقوش اس طرح لکھے جائینگے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل علیہ السلام

قوله — الحق

عزرائیل علیہ السلام (دائیں) — میکائیل علیہ السلام (بائیں)

یا اللہ	المحمود	فی کل	فعاله
فعاله	فی کل	المحمود	یا اللہ
المحمود	یا اللہ	فعاله	فی کل
فی کل	فعاله	یا اللہ	المحمود

الملک — وله

[illegible]

یہ نقش اگر کسی غیر مسلم کو لکھ کر دینا ہو تو یوں لکھ کر دے سکتے ہیں

نقش مربع

وفق نمبر ۵

۷۸۶

۱۲۲	۱۳۶	۱۳۳	۱۳۰
۱۳۴	۱۲۹	۱۲۳	۱۳۵
۱۲۸	۱۳۱	۱۳۸	۱۲۴
۱۳۷	۱۲۵	۱۲۷	۱۳۲

کسر خانہ پنج میں ھے

وفق نمبر ۶

۷۸۶

۱۷۷	۱۶۹	۱۷۵
۱۷۱	۱۷۴	۱۷۶
۱۷۳	۱۷۸	۱۷۰

کسر خانہ چھارم میں ھے

نقش شفائے کل امراض زنانہ

یہ نقش عورتوں بچیوں کے ہر قسم کے پوشیدہ امراض اور حفاظت حمل کیلئے حضور مفتی اعظم ہند نور اللہ مرقدہ کا خاص عطیہ ہے ہزاروں عاملین سینکڑوں پیران عظام اس نقش کو بکثرت لکھتے آئے ہیں احباب عاملین و روحانی ممبران کو معمول مطب بنالیں

وفق نمبر ۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

قولہ — الحق

عزرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

۳۹۲	۹۹۱	۹۹۶	۱۳۰
۹۹۵	سلام	شافی	۹۹۲
۱۳۲	حفیظ	حافظ	۳۹۰
۹۹۰	۳۸۹	۱۳۳	۹۹۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم اعوذ بکلمات اللہ التامات من کل عین لامات شر شیطان و ھامات ومن کل اوجاع واسقام وامراض وان یکادا الدین کفر والیز لقو نك با بصار ھم لما سمعو االذ کر و یقولون انہ لمجنون و ما ھوالا ذ کر للعلمین اھیا اشر اھیا بحق کھیص و بحق حمعسق بسم اللہ الشافی بسم اللہ الکافی بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمعہ شی فی لا رض ولافی السماء و ھو السمیع العلیم برحمتك یا ارحم لر حمین بسم اللہ الرحمن الرحیم قل اعوذ برب الناس ملك الناس الہ الناس من شر الو سو اس الخناس الذی یو سوس فی صدور الناس من الجنتہ و الناس و صلی اللہ تعالیٰ علی سید نا محمد والہ وصحبہ و باریك وسلم

حفظِ قرآن اور علم و حکمت کیلئے

جو شخص یا طالبعلم یہ چاہتا ہو کہ اسے قرآنِ مقدس اور دیگر علوم و حکمت با آسانی یاد ہو جائے اور شیطانی وسوسے اور کاہلی سستی سے محفوظ رہے تو اسے چاہئے کہ اس آیتِ مبارکہ کو چینی مٹی کے پلیٹ میں یا بٹر پیپر پر زعفران اور عنبر سے تحریر کرے اور صبح نہار منہ آبِ زمزم اور عرقِ گلاب سے دھو کر پی لیا کرے کاہلی سستی اور کند ذہنی کا شافی علاج ہے اور قوتِ حافظہ ایسا ہو کہ قرآن و سنت اور دیگر علومِ دنیاوی سے جو یاد کرے کبھی نا بھولے اور دل سے وسوسہ بالکل دفعہ ہو جائے، آیتِ مبارکہ یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

والنجم اذا ھوی ما ضل صاحبکم وما غوی وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی علمه شدید القوی ذو مرة فاستوی وھو بالافق الاعلی ثم دنا فتدلی فکان قاب قوسین او ادنی فا وحی الی عبدہ ما اوحی ما کذب الفواد ما رای افتمرونه علی ما یری ولقد راہ نزلة اخری عند سدرة المنتھی عندھا جنة الماوی اذ یغشی السدرة ما یغشی ما زاغ البصر وما طغی لقد رای من ایت ربه الکبری

عاملین حضرات اس آیت کو اندرونِ بیت قوله الحق وله الملک لکھے اور عام لوگ محض آیت لکھ کر کام چلائیں بروز چہارشنبہ ساعت اول میں جس قدر ہو سکے لکھ کر رکھ لیں فقیر کی جانب سے تمام احباب کو اس کی اجازت ہے، بہتر ہے کہ چالیس دن مسلسل پلایا جائے ورنہ ایک سو بیس دن اور چاہیں تو آیاتِ مذکورہ بالا کی نورانی لوح ادارہ روحانی امداد سے منگوالیں یہ لوح حاجتمندوں کے نام مع والدہ سے تیار کی جائیگی اور جو حضرات لوح منگوانے کی استطاعت نا رکھتے ہوں وہ ان آیات کو بطور تعویذ لکھ کر باندلیں۔

استقرار حمل کا باکرامت نقش

یہ نقش سرکار اعلیٰ حضرت عظیم البرکت عظیم المرتبت نوراللہ مرقدہ کا مستخرجہ ہے اس نقش سے بانجھ پن کا علاج کیا جاسکتا ہے اور ساتھ ہی اولاد نرینہ کیلئے بھی آزمودہ ثابت ہوا ہے اگر کسی کو صرف لڑکیاں ہوتی ہوں تو یہ نقش بروز اتوار شمس اور پہلی ساعت میں لکھ کر حمل قائم ہونے کے بعد عورت کو بندھوائے ان انشاءاللہ فرزند پیدا ہوگا اور اگر کوئی عورت بانجھ ہے تو اس کے علاج کیلئے اس نقش کو ۱۲۰ عدد مشتری کی ساعت میں زعفران و عنبر سے لکھ دے کہ روزانہ بلا ناغہ پانی میں گھول کر پی لیا کرے تو ان شاءاللہ چار ماہ کے اندر اسے استقرار حمل ہوگا گو ہر مراد سے دامن بھر جائیگا ساتھ ہی ایک نقش گلے میں ڈالے اس کے ساتھ طبی علاج بھی جاری رکھے

وفق نمبر ۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یامصور

باقی	حق	۱۱۵
جامع	۱۱۲	علی
حنان	قوی	کافی

گلے میں ڈالنے کیلئے یہ نقش لکھے اور اس کے ساتھ حضور مفتی اعظم والا نقش گذرا اسے بھی شامل کر کے دے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باقی	حق	۱۱۵
جامع	۱۱۲	علی
حنان	قوی	کافی

پینے کیلئے نقش اسطرح لکھ کر دے ق ف م و وغیرہ حروف کے منہ کھلے ہوں

نقش برائے منگنی و شادی

بروز جمعہ اول ساعت میں لکھ کر گلے میں ڈلوائے ان شاء اللہ جلد شادی ورشتہ ہو جائیگا لڑکے کو کپڑے میں سل کر ڈالے اور لڑکی کو چاندی کے خول میں بند کرا کے اوپر سے کچا موم لگا کر گلے میں ڈال دے

وفق نمبر ۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

قولہ — الحق

۵۴۷۲	۵۴۷۶	۵۴۷۹	۵۴۶۵
۵۴۷۸	۵۴۶۶	۵۴۷۱	۵۴۷۷
۵۴۶۷	۵۴۸۱	۵۴۷۴	۵۴۷۰
۵۴۷۵	۵۴۶۹	۵۴۶۸	۵۴۸۰

عزرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

الملک — ولہ

[illegible]

نقش برائے حصول رشتہ

اس نقش کو لکھ کر کسی چھوٹی سی ڈبیہ یا شیشی میں بند کر کے ایسی جگہ رکھ دے جہاں لڑکی کے کپڑے یا زیور رکھے ہیں انشاء اللہ بکثرت پیغام موصول ہونگے

وفق نمبر ۱۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

قولک — الحق

بسم اللہ الرحمن الرحیم و من کل شی
خلقنا زوجین لعلکم تذکرون اللھم بحق
قولک ھذا و بحرمتہ نبیک محمد صلی اللہ علیہ
وسلم ان ترزق ھذہ المراۃ زوجا موافقا غیر
مخالف بحق سیدنا محمد والہ و صحبہ اجمعین

عزرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

الملک — ولہ

[illegible]

نقش محبت زوجین

میاں بیوی کے درمیان الفت ومحبت میں اضافے کیلئے یہ نقش کولکھ کردے

وفق نمبر ۱۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

الحق — قولہ

میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

۱۴۳۰	۱۴۳۴	۱۴۳۷	۱۴۲۳
۱۴۳۶	۱۴۲۴	۱۴۲۹	۱۴۳۵
۱۴۲۵	۱۴۳۹	۱۴۳۲	۱۴۲۸
۱۴۳۳	۱۴۲۷	۱۴۲۶	۱۴۳۸

اللھم صلی علیٰ سیدنا محمد والہ وسلم اللھم الف بین فلاں بن فلاں وفلاں بنت فلاں کما الفت بین و حواء اللھم الف بینھما کما الفت بین موسی و صفورا اللھم الف بینھما کما الفت بین محمد صلی علی اللہ علیہ وسلم و عائشہ اللھم الف بینھما کما الفت بین علی المرتضیٰ و فاطمہ الزہ اللھم علی سیدنا محمد والہ سلم

میاں بیوی کے جھگڑے ختم ہوں اور دونوں میں موافقت رہے اس مقصد کے لئے نقش مذکورہ بالا کو جمعہ کے دن زہرہ کی ساعت میں زعفران سے لکھ دے اگر دونوں میاں بیوی پہننا چاہیں تو دونقوش لکھیں انشاءاللہ محبت بڑھے گے اور جھگڑے ختم ہوجائینگے

محبت زوجین کے پانچ نقوش

یہ پانچ نقوش مخمسات فقیر کے معمول میں رہے محبت زن وشوہر کیلئے کافی وبس ہیں جب سائل آئے تو اس کے احوال سن کر غور کرے اور جس نقش پر دل جمے وہ لکھ کردے ہر نقش کے نیچے اللھم الف بین والی عبارت ضرور لکھے نقوش یہ ہیں

نقش نمبر ١

وفق نمبر ١٢

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قولہ جبرائیل علیہ السلام الحق

حبا اللہ	امنوا اشد	والذین	کحب اللہ	یحبونھم
یحبونھم	حبا اللہ	امنوا اشد	والذین	کحب اللہ
کحب اللہ	یحبونھم	حبا اللہ	امنوا اشد	والذین
والذین	کحب اللہ	یحبونھم	حبا اللہ	امنوا اشد
امنوا اشد	والذین	کحب اللہ	یحبونھم	حبا اللہ

میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

نقش نمبر ٢

وفق نمبر ١٣

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قولہ جبرائیل علیہ السلام الحق

لشدید	لحب الخیر	لشہیدوانہ	ذالک	انہ علیٰ
انہ علیٰ	لشدید	لحب الخیر	لشہیدوانہ	ذالک
ذالک	انہ علیٰ	لشدید	لحب الخیر	لشہیدوانہ
لشہیدوانہ	ذالک	انہ علیٰ	لشدید	لحب الخیر
لحب الخیر	لشہیدوانہ	ذالک	انہ علیٰ	لشدید

میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

نقش نمبر ۳

وفق نمبر ۱۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل علیہ السلام

قولہ الحق

والقیت	علیک	محبته منی	ولتصنع	علی عینی
علیک	محبته منی	ولتصنع	علی عینی	والقیت
محبته منی	ولتصنع	علی عینی	والقیت	علیک
ولتصنع	علی عینی	والقیت	علیک	محبته منی
علی عینی	والقیت	علیک	محبته منی	ولتصنع

عزائیل علیہ السلام

میکائیل علیہ السلام

الملک — ولہ

نقش نمبر ۴

وفق نمبر ۱۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل علیہ السلام

قولہ الحق

قل ان کنتم	تحبون اللہ	فاتبعونی	یحببکم اللہ	ویغفر لکم
تحبون اللہ	فاتبعونی	یحببکم اللہ	ویغفر لکم	ذنوبکم
فاتبعونی	یحببکم اللہ	ویغفر لکم	ذنوبکم	واللہ
یحببکم اللہ	ویغفر لکم	ذنوبکم	واللہ	غفور
ویغفر لکم	ذنوبکم	واللہ	غفور	رحیم

عزائیل علیہ السلام

میکائیل علیہ السلام

الملک — ولہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نقش نمبر ۵

جبرائیل علیہ السلام

قولہ الحق

وفق نمبر ۱۶

قد شغفها	حبا	انا لنراها	فی ضلل	مبین
حبا	انا لنراها	فی ضلل	مبین	قد شغفها
انا لنراها	فی ضلل	مبین	قد شغفها	حبا
فی ضلل	مبین	قد شغفها	حبا	انا لنراها
مبین	قد شغفها	حبا	انا لنراها	فی ضلل

عزرائیل علیہ السلام

میکائیل علیہ السلام

نقش پسند کی شادی کیلئے

مخصوص جگہ رشتہ اور پسند کی شادی کیلئے یہ نقش بروز جمعہ افضل الساعات میں لکھ کر دے ہرن کی جھلی پر لکھے ورنہ سفید کاغذ پر زعفران و عنبر سے لکھے فقیر کا تجربہ شدہ اور مستخرجہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل علیہ السلام

قولہ الحق

وفق نمبر ۱۷

لقد جاءکم	رسول من	انفسکم	عزیز علیہ	ما عنتم
رسول من	انفسکم	عزیز علیہ	ما عنتم	حریص علیکم
انفسکم	عزیز علیہ	ما عنتم	حریص علیکم	بالمومنین
عزیز علیہ	ما عنتم	حریص علیکم	بالمومنین	رؤف
ما عنتم	حریص علیکم	بالمومنین	رؤف	رحیم

عزرائیل علیہ السلام

میکائیل علیہ السلام

بچوں کی حفاظت کیلئے مجرب نقوش

وفق نمبر ۱۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قولہ الحق — جبرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

ط	ی	ح	م
م	ح	ی	ط
ی	ط	م	ح
ح	م	ط	ی

یہ نقش کالی سیاہی سے لکھ کر بچوں کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ بچہ ہر قسم کے آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا

وفق نمبر ۱۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قولہ الحق — جبرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

وکیل	رقیب	حفیظ	حافظ
حافظ	حفیظ	رقیب	وکیل
رقیب	وکیل	حافظ	حفیظ
حفیظ	حافظ	وکیل	رقیب

ماں اور بچے دونوں کی حفاظت کیلئے یہ نقش دو عدد لکھ کر دونوں کے گلے میں ڈالے اور اگر ایام حمل سے ڈال دے تو زیادہ بہتر ہے

وفق نمبر ۲۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قولہ الحق — جبرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

۱۶۲۳۷	۱۶۲۳۱	۱۶۲۳۹
۱۶۲۳۸	۱۶۲۳۶	۱۶۲۳۳
۱۶۲۳۲	۱۶۲۴۰	۱۶۲۳۵

جس بچے کو نظر بد لگتی ہو یا جو بچہ روتا ہو ضد کرتا ہو اس کے گلے میں یہ نقش لکھ کر ڈالے ان نقوش کو کالی سیاہی سے لکھ سکتے ہیں

نقش قوت حافظہ اور ذہن کی تیزی کیلئے

یہ نقش بروز بدھ اول ساعت میں لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے انشاءاللہ حافظہ قوی ہوگا پڑھائی میں دل لگے گا اور ذہن تیز ہوگا اگر چاہیں تو یہی نقش پینے کیلئے بھی لکھ کر دے سکتے ہیں

وفق نمبر ۲۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قولہ جبرائیل علیہ السلام الحق

۴۴۰۲	۴۳۹۶	۴۴۰۴
۴۴۰۳	۴۴۰۱	۴۳۹۸
۴۳۹۷	۴۴۰۵	۴۴۰۰

میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

ولہ — الملک

نقش امتحان میں کامیابی کیلئے

وفق نمبر ۲۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قولہ جبرائیل علیہ السلام الحق

۶۷۴	۶۶۹	۶۷۶
۶۷۵	۶۷۳	۶۷۱
۶۷۰	۶۷۷	۶۷۲

میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

ولہ — الملک

نقش برائے شفاء کل امراض

یہ نقش جملہ امراض کو کافی ہے قمر کی ساعت میں لکھ کر رکھے اور حاجتمندوں کو دیا کرے اگر مرض شدید ہو تو اسے چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر پلائیں ساتھ ہی سورۃ الفاتحہ لکھے

وفق نمبر ۲۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم
قولہ جبرائیل علیہ السلام الحق

اللہ	لطیف	بعبادہ
کافی	۹۳	۷۵
۱۰۲	۵۷	۱۲۰

میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

نصر من اللہ وفتح قریب فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الرحمین
وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا محمد والہ وصحبہ وبارک وسلم

وفق نمبر ۲۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم
قولہ جبرائیل علیہ السلام الحق

۷۶۱	۷۶۸	۷۶۳
۷۶۶	۷۶۴	۷۶۲
۷۶۵	۷۶۰	۷۶۷

میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

نقش برائے بخار ہر قسم

ہر قسم کے بخار کیلئے اس نقش کو لکھ کر داہنے بازو پر باندھوں انشاء اللہ بخار اتر جائیگا

نقش دکان کی ترقی کیلئے

دکان کی ترقی اور خیر و برکت کیلئے یہ نقش ۳ عدد بروز جمعرات لکھ دے ایک فریم کرا کر دکان میں آویزاں کرے دوسرا کیش میں ڈالے اور تیسرا نقش بطور تعویذ اپنے پاس رکھے انشاءاللہ خوب خیر و برکت ہوگی

وفق نمبر ۲۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل علیہ السلام

قولہ الحق — میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

یاباسط	یاوھاب	یارزاق	یافتاح
یافتاح	یارزاق	یاوھاب	یاباسط
یاوھاب	یاباسط	یافتاح	یارزاق
یارزاق	یافتاح	یاباسط	یاوھاب

ولہ الملک

وفق نمبر ۲۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل علیہ السلام

قولہ الحق — میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

د	بدوح	ب
بدوح	بدوح	بدوح
ح	بدوح	و

ولہ الملک

نقش برائے گریختہ

اگر کوئی مرد یا بچہ یا کسی کا نوکر بھاگ جائے تو اس نقش کو فوراً لکھ کر ہوا میں لٹکائے انشاءاللہ گریختہ واپس آئیگا مجرب و آزمودہ ہے

نقش برائے حصول عزت و شہرت

عزت وشہرت کے حصول کے واسطے اس نقش کو بروز اتوار پہلی ساعت میں زعفران اور عنبر سے لکھ کر استعمال کرائیں

وفق نمبر ۲۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

قولہ — الحق

۴۲۱۳	۴۲۲۷	۴۲۲۳	۴۲۲۰
۴۲۲۴	۴۲۱۹	۴۲۱۴	۴۲۲۶
۴۲۱۸	۴۲۲۱	۴۲۲۹	۴۲۱۵
۴۲۲۸	۴۲۱۶	۴۲۱۷	۴۲۲۲

عزائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

الملک — ولہ

نقش مربع آیت قطب

آیت قطب کا یہ نقش مربع ردسحر وحفاظت از سحر وشیاطین کے لئے بارہا کا آزمودہ ہے آیت قطب کے عاملین اسے معمول مطب بنائیں لکھ کر گلے میں ڈلوائیں اور مریض کو پینے کیلئے دیا کرے نقش یہ ہے

وفق نمبر ۲۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

قولہ — الحق

۵۵۳۵	۵۵۴۹	۵۵۴۵	۵۵۴۲
۵۵۴۶	۵۵۴۱	۵۵۳۶	۵۵۴۸
۵۵۴۰	۵۵۴۳	۵۵۵۱	۵۵۳۷
۵۵۵۰	۵۵۳۸	۵۵۳۹	۵۵۴۴

عزائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

الملک — ولہ

نقش مثلث آیت قطب

آیت قطب کا یہ نقش مثلث جادو سحر کے مریضوں کو جلانے کیلئے دے سکتے ہیں فقیر کا آزمودہ ہے احباب بھی معمول بنائیں

وفق نمبر ۲۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

الحق — قولہ

۷۳۹۱	۷۳۸۶	۷۳۹۴
۷۳۹۳	۷۳۹۰	۷۳۸۸
۷۳۸۷	۷۳۹۵	۷۳۸۹

میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

نقش چہل کاف برائے دفع آسیب

اگر کوئی مریض یا مریضہ آسیب زدہ ہو تو اس کے گلے میں چہل کاف کا یہ نقش لکھ کر ڈالے اور ۴۱ مرتبہ پانی پر چہل کاف دم کر کے پلائے انشاءاللہ شفاء ملے گی

وفق نمبر ۳۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

الحق — قولہ

۱۵۵۷	۱۵۶۰	۱۵۶۳	۱۵۴۹
۱۵۶۲	۱۵۵۰	۱۵۵۶	۱۵۶۱
۱۵۵۱	۱۵۶۵	۱۵۵۸	۱۵۵۵
۱۵۵۹	۱۵۵۴	۱۵۵۲	۱۵۶۴

میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

نوٹ

صرف عاملین حضرات ہی آسیب وسحر کے دفعیہ کے واسطے نقوش لکھیں عوام الناس کو بچنا چاہیے

نقش دردسر کیلیے

دردسر کے واسطے اس نقش کولکھ کر باندھے

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

وفق نمبر ۳۱

قولہ — الحق

حفیظ	جلیل	رقیب
وکیل	سلام	کبیر
والی	حی	متعالی

میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

نقش کی چال ہے

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

نقش زبان بندی کیلئے

اس نقش کو نیلے رنگ سے لکھ کر کسی بھاری سامان کے نیچے دبا دے انشااللہ بد گویوں کی زبانیں بند ہو جائیگی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

وفق نمبر ۳۲

قولہ — الحق

۱۷۷۵۵	۱۷۷۴۸	۱۷۷۵۳
۱۷۷۵۰	۱۷۷۵۲	۱۷۷۵۴
۱۷۷۵۱	۱۷۷۵۶	۱۷۷۴۹

میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

بستم بستم بستم زبان فلاں بن فلاں

نقش اولاد کی نافرمانی کیلئے

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو تو اس نقش کو لکھ کر پہنائے

وفق نمبر ۳۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

قولہ — الحق

۱۴۷۶۴	۱۴۷۶۸	۱۴۷۷۱	۱۴۷۵۷
۱۴۷۷۰	۱۴۷۵۸	۱۴۷۶۳	۱۴۷۶۹
۱۴۷۵۹	۱۴۷۷۳	۱۴۷۶۶	۱۴۷۶۲
۱۴۷۶۷	۱۴۷۶۱	۱۴۷۶۰	۱۴۷۷۲

میکائیل علیہ السلام

عزرائیل علیہ السلام

نقش برائے عداوت و دشمنی

یہ نقش واسطے عداوت کے آزمودہ ہے اور فقیر نے اس نقش سے نا جانے کتنے کام لئے آئے دن نا جائز تعلقات کا خاتمہ اس نقش سے کیا جاتا ہے احباب معمول بنائے چالیس نقوش واسطے احراق سے لکھ دے انشاءاللہ ۴۰ دنوں میں جدائی واقع ہوگی نقش یہ ہے

ا جھ ز ط

وفق نمبر ۳۴

۲۰۷۱	۲۰۶۶	۲۰۷۳
۲۰۷۲	۲۰۷۰	۲۰۶۸
۲۰۶۷	۲۰۷۴	۲۰۶۹

عداوت فلاں بن فلاں علی قلب فلاں بنت فلاں

نقش برائے حفاظت مکان

وفق نمبر ۳۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

قولہ الحق
بسم اللہ الرحمن الرحیم لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم

کھیعص حمعسق

۱۴۱۵	۱۴۲۸	۱۴۲۵	۱۴۲۲	۱۱۶۶	۱۱۸۰	۱۱۷۷	۱۱۷۴
۱۴۲۶	۱۴۲۱	۱۴۱۶	۱۴۲۷	۱۱۷۸	۱۱۷۳	۱۱۶۷	۱۱۷۹
۱۴۲۰	۱۴۲۳	۱۴۳۰	۱۴۱۷	۱۱۷۲	۱۱۷۵	۱۱۸۲	۱۱۶۸
۱۴۲۹	۱۴۱۸	۱۴۱۹	۱۴۲۴	۱۱۸۱	۱۱۶۹	۱۱۷۱	۱۱۷۶

اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنتہ
ولا نوم لہ ما فی السموات و ما فی الارض من
ذالذی یشفع عندہ الا باذنہ یعلم ما بین ایدیھم
وما خلفھم ولا یحیطون بشئی من علمہ الا بما شاء
وسع کرسیہ السموت والارض ولا یودہ حفظھما
وھو العلی العظیم فاللہ خیر احافظا و ھو ارحم الرحمین

عزائیل علیہ السلام
میکائیل علیہ السلام
ناد علیا مظھر العجائب تجدہ عونا لک
فی النوائب کل ھم وغم سینجلی بنبوتک یا رسول اللہ

نقش برائے حفاظت از دشمناں

وفق نمبر ۳۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

قولہ الحق

اللھم انا نجعلک	فی نحورھم	ونعوذبک	من شرورھم
۸۵۵	۸۴۰	۱۵۹	۵۷۱
۸۳۹	۸۵۲	۵۷۴	۱۶۰
۵۷۳	۱۶۱	۸۳۸	۸۵۳

عزائیل علیہ السلام
میکائیل علیہ السلام

نادعلی شریف کی زکات

طریقہ زکات مشائخ قادریہ برکاتیہ رضویہ

اعتصام

اَللّٰہُ صَمَدِیْ مِنْ عِنْدِكَ مَدَدِیْ وَعَلَیْكَ مُعْتَمَدِیْ

نادعلی شریف

نَادِ عَلِیًا مَظْهَرَ الْعَجَائِبْ تَجِدْهُ عَوْنَا لَّكَ فِی النَّوَائِب کُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِی بِنَبُوَّتِكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَبِوَلَایَتِكَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ

اختتام

یَا اَبَا الْغَیْثُ اَغِثْنِیْ وَیَا عَلِیُّ اَدْرِكْنِیْ بِمُحَمَّدٍ وَعِتْرَتِهِ الطَّاهِرِیْنَ

احباب کی فرمائش پر نادعلی شریف کی زکات کا آسان طریقہ نقل کرتا ہوں اس طریقے سے زکات ادا کرنے پر عامل مستجاب الدعوات ہوگا اور ہر جائز مقصد کے لئے جب بھی پڑھے گا باب استجابت کو کھلا پائیگا، ہر قسم کا جادو سحر سفلی وعلوی کا علاج کر سکے گا، کسی اڑی مشکل میں ورد کریگا تو مشکل خود مشکل میں پڑ جائیگی ،حاجتمندوں کو اس کا نقش جس مقصد کے لئے لکھ کر دے گا انہیں کامیابی ملے گی، جسمانی امراض والوں کو شفاء ملے گی دردمندوں کو دوا ملے گی، نادعلی شریف کا عامل اپنی قسمت پر ناز کرے گا اسے کسی محاز

پر ناکامیوں کا منہ نہیں دیکھنا پڑے گا، اس کے دشمن ذلیل وخوار ہونگے جادوٹو نے سحر سے حفاظت رہے گی، ہر حاجت غیب سے پوری ہو جایا کرے گی، نادعلی شریف کی زکات کا یہ طریقہ درمیانہ ہے لیکن مبتدی حضرات کے لئے عمدہ اور آسان یہ طریقہ ہمارے مشائخ قادریہ برکاتیہ رضویہ کے معمولات میں رہا اول اجازت کسی صاحب مجاز سے حاصل کرے پھر ترک جمالی کے ساتھ بدھ یا جمعرات سے شروع کرے بعد نماز فجر کا وقت مناسب ہے چہار قل و آیۃ الکرسی پڑھ کر اپنا حصار کرے تین دن چار ہزار ۴۰۰۰ مرتبہ نصاب کی نیت سے پڑھیں یہ کل ۱۲۰۰۰ بارہ ہزار ہوئے اور اس کی نصاب ہمارے مشائخ نے اتنی ہی مقرر فرمائی، پھر زکات کی نیت سے چوتھے اور پانچویں دن ۳۰۰۰ تین ہزار مرتبہ پڑھیں یہ نصاف کا نصف ہوا اور اس کی زکات اتنی ہی ٹھہری اب چھٹے اور آخری دن قفل کی نیت سے ۱۵۰۰ پندرہ سو مرتبہ پڑھ کر ختم کرے روزانہ نادعلی شریف سے قبل ۱۱۰ مرتبہ درود غوثیہ اور ۱۰ مرتبہ اعتصام پڑھ کر نادعلی شروع کرے تعداد مکمل ہونے پر ۱۰ مرتبہ اختتام اور ۱۱۰ مرتبہ درود غوثیہ پڑھنا ہے، چھٹے دن حسب توفیق نیاز مولائے کائنات حضرت علی شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم کی دلا کر بچوں میں تقسیم کرے، اب آپ عامل نادعلی شریف کے ہوگئے اسے باقی رکھنے کے لئے بلکہ اس میں مزید ترقی کے لئے ۱۱۰ ایک سو دس مرتبہ مع اعتصام و اختتام روزانہ پڑھتے رہیں مداومت کے لئے اب ۳ مرتبہ درود غوثیہ اور ایک مرتبہ اعتصام ۱۱۰ مرتبہ نادعلی ایک مرتبہ اختتام اور ۳ مرتبہ درود غوثیہ پڑھا کرے، دوران زکات پرہیز جمالی لازمی ہے اوپر جو تعداد زکات کی مذکور ہوئی آسانی کے لئے اسے ترتیب وار لکھے دیتا ہوں

تعدادِ نصاب و زکات نادعلی شریف

پہلے دن ۔۔۔۔۔۔ ۴۰۰۰ چار ہزار مرتبہ

دوسرے دن ۔۔۔۔۔ ۴۰۰۰ چار ہزار مرتبہ

تیسرے دن۔۔۔۔۔۴۰۰۰ چار ہزار مرتبہ

چوتھے دن۔۔۔۔۔۔۳۰۰۰ تین ہزار مرتبہ

پانچویں دن۔۔۔۔۔۳۰۰۰ تین ہزار مرتبہ

چھٹے دن۔۔۔۔۔۔۔۱۵۰۰ پندرہ سو مرتبہ

احباب اس زکات کی ادائیگی سے قبل اجازت ضرور حاصل کریں تا کہ آپ کی محنت رائیگاں نا جائے اور کسی قسم کا ضرر نا پہنچے عامل بننے کے بعد آپ ردسحر ودفع آسیب کے لئے مریضوں کو نقش سیفی لکھ کر دے سکتے ہیں اس نقش کو مزید قوی الاثر بنانے کے لئے اس کی زکات بھی ادا کر لیں تو بہتر یہ نقش سینکڑوں مسائل میں تنہا کافی ہے فقیر نے اس سے بے شمار کام لئے اور احباب کو بھی اس سے کام لینے کے مختلف طریقے نقل کروائے یہاں نادعلی شریف کا نقشِ مثلث اور مربع حاضر کرتا ہوں انہیں معمول بنایا جائے مثلث ردسحر وغیرہ میں جلانے کے لئے استعمال کرائیں بربادی دشمناں کے لئے قبر میں دفن کروائے اور دیگر مقاصد میں اپنے صوابدید پر لکھ کر دے اور مربع حفاظت از دشمناں ونظر بد کے لئے لکھ دے سحر زدہ کو پینے کے لئے دیا کرے اس کے ساتھ منسب آیات کا بھی اضافہ کر سکتے ہیں

نقش مثلث نادعلی کا یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل علیہ السلام

قولہ — الحق

۱۷۲۹	۱۷۲۴	۱۷۳۱
۱۷۳۰	۱۷۲۸	۱۷۲۶
۱۷۲۵	۱۷۳۲	۱۷۲۷

میکائیل علیہ السلام (بائیں جانب) — عزرائیل علیہ السلام (دائیں جانب)

طریقہ زکات نادعلیٰ شریف

اس زکات میں پرہیز کچھ نہیں اور یہ زکات شادی شدہ عاملین افراد کے لئے بہت عمدہ ہے کیوں شادی شدہ افراد کو ترک حیوانات بہت مشکل ہوتا ہے اس لئے اپنے احباب سے کہتا ہوں جوانی اور تجرد کے عالم میں جتنی ریاضت چاہو کرلو ورنہ بعد کو بہت مشکل ہوتا ہے، یہ زکات ۱۱۰ دنوں میں مکمل ہوتی ہے روزانہ ۱۱۰۰ گیارہ سو کی تعداد میں نادعلی شریف پڑھا جائے گا پڑھنے کا طریقہ وہی سابقہ ہے دوران زکات اگر سفر درپیش ہوتو اس کا انتظام پہلے سے کرے شروع دن سے ہی ایک مصلیٰ اس عمل کے لئے خاص رکھے اور اسی پر روزانہ وظیفہ کرے جب سفر میں جانا ہو مصلیٰ ساتھ لے جائے، بعد ۱۱۰ دن کے عامل ہو جائینگے پھر جسے چاہے نقش لکھ کردے پانی دم کرے تاثیر باذ اللہ پائینگے عمل قائم رکھنے کے لئے ۱۱۰ مرتبہ روزانہ ورد میں رکھے مع اعتصام واختتام ودرود غوثیہ

نادعلی شریف بطور وظیفہ

ہر مقصد میں کامیابی، شفائے بیماراں چاہے کیسا مرض ہو، مغلوبی دشمناں، مقدمات میں کامیابی، سحر جادو سے حفاظت، امتحان میں کامیابی الیکشن میں کامیابی، جاہ وحشمت کا حصول، دشمن کی زبان بندی نظر بد سے حفاظت، قید سے رہائی، دفع بلاء حصول علم لدنی غرضیکہ کسی بھی نیک مقصد وخواہش کے لئے بلا زکات بھی اس کا ورد کرنے والا نامراد نہیں رہتا لہٰذا چاہئیے کہ کسی صاحب مجاز سے اجازت لیکر روزانہ ۱۱۰ مرتبہ بطور وظیفہ ناد علی شریف پڑھا کرے ان شاء اللہ مراد کو پہنچے گا

نقش مثمن حرفی نادعلی شریف

یہ نقش اوپر بیان ہوئے تمام تر مقاصد کے لئے جمعرات کے دن بساعت مشتری زعفران سے لکھیں یا دھات پر کندہ کرائیں اور اس کی دوسری جانب نقش سورہ اخلاص یا نقش سورہ نصر کا حرفی بنائیں تو یہ ایک کامل لوح جملہ مقاصد کے لئے تیار ہوگی روزی کا مسئلہ ہو ترقی کاروبار کا یا دشمنوں سے حفاظت کا جادو کی کاٹ کا یا دفع آسیب وشیاطین کا سب میں یکساں کارگر پائینگے اس نقش کو دکان ومکان میں آویزاں کرنا بھی خیر وبرکت لاتا ہے عامل اپنے فہم وفراست کو بروئے کار لاکر استعمال کرائے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰہُ صَمَدِی مِنْ عِنْدِكَ مَدَدِی وَعَلَیْكَ مُعْتَمَدِی

یَا اَبَا الْغَیْثُ اَغِثْنِی وَیَا عَلِیُّ اَدْرِكْنِی بِمُحَمَّدٍ وَعِتْرَتِهِ الطَّاهِرِیْن

نادعلیا	مظهر	العجائب	تجده	عونالك	فی النوائب	كل هم و غم	سینجلی
مظهر	العجائب	تجده	عونالك	فی النوائب	كل هم و غم	سینجلی	بنبوتك
العجائب	تجده	عونالك	فی النوائب	كل هم و غم	سینجلی	بنبوتك	یارسول
تجده	عونالك	فی النوائب	كل هم و غم	سینجلی	بنبوتك	یارسول	الله
عونالك	فی النوائب	كل هم و غم	سینجلی	بنبوتك	یارسول	الله	وبولایتك
فی النوائب	كل هم و غم	سینجلی	بنبوتك	یارسول	الله	وبولایتك	یاعلی
كل هم و غم	سینجلی	بنبوتك	یارسول	الله	وبولایتك	یاعلی	یاعلی
سینجلی	بنبوتك	یارسول	الله	وبولایتك	یاعلی	یاعلی	یاعلی

اجازت نامہ نادعلی شریف

میں فقیر قادری گدائے چشتی محمد عمران رضوی القادری نادعلی شریف کی اجازت برائے ادائے زکات اور ورد بطور وظیفہ کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ساکن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو دیتا ہوں اور رب قدیر کی بارگاہ میں دعاء گو ہوں کہ وہ آپ کو اس عظیم الشان وظیفے کے فیوض و برکات اور انوار و تجلیات سے مالا مال فرمائے اور حقیقی معنوں میں آپ کو اس امانت کا اہل بنائے

آمین بجاہ النبی الکریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

اجازت نامہ نادعلی شریف

میں فقیر قادری گدائے چشتی محمد عمران رضوی القادری نادعلی شریف کی اجازت بطور ورد و وظیفہ کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ساکن۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو دیتا ہوں اور رب قدیر کی بارگاہ میں دعاء گو ہوں کہ وہ آپ کو اس عظیم الشان وظیفے کے فیوض و برکات اور انوار و تجلیات سے مالا مال فرمائے اور حقیقی معنوں میں آپ کو اس امانت کا اہل بنائے

آمین بجاہ النبی الکریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

میں قرآن میں کہاں ہوں؟

ایک جلیل القدر تابعی اور عرب سردار احنف بن قیس ایک دن بیٹھے ہوئے تھے کہ کسی نے یہ آیت پڑھی
لَقَدْ أَنزَلْنَا إِلَيْكُمْ كِتَابًا فِيهِ ذِكْرُكُمْ أَفَلَا تَعْقِلُونَ (سورۃ انبیاء) "ہم نے تمہاری طرف ایسی کتاب نازل کی جس میں تمہارا تذکرہ ہے، کیا تم نہیں سمجھتے ہو"۔

وہ چونک پڑے اور کہا کہ ذرا قرآن مجید تو لاؤ۔ اس میں، میں اپنا تذکرہ تلاش کروں، اور دیکھوں کہ میں کن لوگوں کے ساتھ ہوں، اور کن سے مجھے مشابہت ہے؟

انہوں نے قرآن مجید کھولا، کچھ لوگوں کے پاس سے ان کا گزر ہوا، جن کی تعریف یہ کی گئی تھی
كَانُوا قَلِيلًا مِّنَ اللَّيْلِ مَا يَهْجَعُونَ ۝ وَبِالْأَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُونَ ۝ وَفِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ (الذریٰت) "رات کے تھوڑے حصے میں سوتے تھے، اور اوقات سحر میں بخشش مانگا کرتے تھے، اور ان کے مال میں مانگنے والے اور نہ مانگنے والے (دونوں) کا حق ہوتا تھا"۔

کچھ اور لوگ نظر آئے جن کا حال یہ تھا:

تَتَجَافَىٰ جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَطَمَعًا وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (السجدہ) "ان کے پہلو بچھونوں سے الگ رہتے ہیں (اور) وہ اپنے پروردگار کو خوف اور اُمید سے پکارتے ہیں۔ اور جو (مال) ہم نے ان کو دیا ہے، اس میں سے خرچ کرتے ہیں"۔

کچھ اور لوگ نظر آئے جن کا حال یہ تھا:

وَالَّذِينَ يَبِيتُونَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَقِيَامًا (الفرقان) "اور جو اپنے پروردگار کے آگے سجدہ کر کے اور (عجز و ادب سے) کھڑے رہ کر راتیں بسر کرتے ہیں"۔

اور کچھ لوگ نظر آئے جن کا تذکرہ اِن الفاظ میں ہے:

الَّذِينَ يُنفِقُونَ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ (آل عمران) "جو آسودگی اور تنگی میں (اپنا مال خدا کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں، اور غصہ کو روکتے اور لوگوں کے قصور معاف کرتے ہیں، اور اللہ نیکوکاروں کو دوست رکھتا ہے"۔

اور کچھ لوگ ملے جن کی حالت یہ تھی:

وَيُؤْثِرُونَ عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (الحشر) "(اور) دوسروں کو اپنی جانوں سے مقدم رکھتے ہیں خواہ ان کو خود احتیاج ہی ہو، اور جو شخص حرص نفس سے بچا لیا گیا تو ایسے ہی لوگ مُراد پانے والے ہوتے ہیں"۔

اور کچھ لوگوں کی زیارت ہوئی جن کے اخلاق یہ تھے:

وَالَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ (الشوریٰ) "اور جو بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کی باتوں سے پرہیز کرتے ہیں، اور جب غصہ آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیں"۔

وَالَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (الشوریٰ) "اور جو اپنے پروردگار کا فرمان قبول کرتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں، اور اپنے کام آپس کے مشورہ سے کرتے ہیں اور جو مال ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں"۔

وہ یہاں پہنچ کر ٹھٹک کر رہ گئے، اور کہا: اے اللہ میں اپنے حال سے واقف ہوں، میں تو ان لوگوں میں کہیں نظر نہیں آتا!

پھرانہوں نے ایک دوسرا راستہ لیا، اب ان کو کچھ لوگ نظر آئے، جن کا حال یہ تھا:

إِنَّهُمْ كَانُوا إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ يَسْتَكْبِرُونَ ۝ وَيَقُولُونَ أَئِنَّا لَتَارِكُوا آلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُونٍ (سورہ صافات) "ان کا یہ حال تھا کہ جب ان سے کہا جاتا تھا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو غرور کرتے تھے، اور کہتے تھے، کہ بھلا ہم ایک دیوانہ شاعر کے کہنے سے کہیں اپنے معبودوں کو چھوڑ دینے والے ہیں؟

پھر اُن لوگوں کا سامنا ہوا جن کی حالت یہ تھی:

وَإِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوبُ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ وَإِذَا ذُكِرَ الَّذِينَ مِن دُونِهِ إِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُونَ (الزمر) "اور جب تنہا اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے انکے دل منقبض ہو جاتے ہیں، اور جب اس کے سوا اوروں کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُن کے چہرے کھل اُٹھتے ہیں"۔

کچھ اور لوگوں کے پاس سے گزر ہوا جن سے جب پوچھا گیا:

مَا سَلَكَكُمْ فِي سَقَرَ ۝ قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ ۝ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ ۝ وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ ۝ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّينِ ۝ حَتَّىٰ أَتَانَا الْيَقِينُ (المدثر) "کہ تم دوزخ میں کیوں پڑے؟ وہ جواب دیں گے کہ ہم نماز نہیں پڑھتے تھے اور نہ فقیروں کو کھانا کھلاتے تھے اور ہم جھوٹ سچ باتیں بنانے والوں کے ساتھ باتیں بنایا کرتے اور روز جزا کو جھوٹ قرار دیتے تھے، یہاں تک کہ ہمیں اس یقینی چیز سے سابقہ پیش آ گیا"۔

یہاں بھی پہنچ کر وہ تھوڑی دیر کے لئے دم بخود کھڑے رہے۔ پھر کانوں پر ہاتھ رکھ کر کہا: اے اللہ! ان لوگوں سے تیری پناہ! میں ان لوگوں سے بری ہوں۔

اب وہ قرآن مجید کے اوراق کو الٹ رہے تھے، اور اپنا تذکرہ تلاش کر رہے تھے، یہاں تک کہ اس آیت پر جا کر ٹھہرے:

وَآخَرُونَ اعْتَرَفُوا بِذُنُوبِهِمْ خَلَطُوا عَمَلاً صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا عَسَى اللّٰهُ أَن يَتُوبَ عَلَيْهِمْ إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (التوبہ) "اور کچھ اور لوگ ہیں جن کو اپنے گناہوں کا (صاف) اقرار ہے، انہوں نے اچھے اور برے عملوں کو ملا جلا دیا تھا قریب ہے کہ اللہ ان پر مہربانی سے توجہ فرمائے، بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے"۔

اس موقع پر اُن کی زبان سے بے ساختہ نکلا، ہاں ہاں! یہ بے شک میرا حال ہے۔

(محدث ابو عبداللہ محمد بن نصر مروزی بغدادی کی کتاب قیام اللیل سے ایک عبرت انگیز قصہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

درود کبریتِ احمر

از قلم صوفی محمد عمران رضوی القادری

طریقہ زکات و مداومت

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی کُلِّ مَلَکٍ وَّ نَبِیٍّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ اِنَّمَا اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیْءًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ فَسُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیٍّ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْن۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَآ اَیُّھَا الْمَلآءِکَۃُ الرُّحَانِیَۃُ الْعُلْوِیَّۃُ خُدَّامُ الْحُرُوْفِ الَّتِیْ فِیْھَا اَسْرَارُ الْاُلُوْھِیَّۃِ اَنْتُمْ تُعِیْنُوْنِیْ وَ تُمِدُّوْنِیْ فِیْ جَمِیْعِ حَاجَاتِیْ وَاَحْوَالِیْ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ الف

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا جِبْرَاءِیْلُ بِحَقِّ با اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا عِزْرَاءِیْلُ بِحَقِّ تا اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا مِکَاءِیْلُ بِحَقِّ ثا اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا کَلْکَاءِیْلُ بِحَقِّ جیم اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ حا اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا مَھْکَاءِیْلُ بِحَقِّ خا اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا دَرْدَاءِیْلُ بِحَقِّ دال اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْرَاطِیْلُ بِحَقِّ ذال اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَمْوَاکِیْلُ بِحَقِّ را اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَثْرَفَاءِیْلُ بِحَقِّ زا اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا ھَمْوَاکِیْلُ بِحَقِّ سین اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا ھَمْرَاءِیْلُ بِحَقِّ شین اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ

یَاسَرحَمَاءِیلُ بِحَقِّ فا اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَاعِطرَاءِیل بِحَقِّ قاف اَلسَّلَامُ عَلَیکُم
یَاحَرُوزَاءِیلُ بِحَقِّ کاف اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَاطَاطَاءِیلُ بِحَقِّ لام اَلسَّلَامُ عَلَیکُم
یَارَومَاءِیل بِحَقِّ میم اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَاحَولَاءِیل بِحَقِّ نُونَ اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَارَفتمَاءِیلُ
بِحَقِّ واو اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَادَورِیَاءِیلُ بِحَقِّ ھا اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَاسَرَاکِطَاءِیل بِحَقِّ یا
وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلیٰ خَیرِ خَلقِہٖ سَیِّدِنَا وَمَولَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجمَعِین

طریقہ زکات

درود کبریتِ احمر کی ریاضت مبتدیوں کو لازمی ہے میں اپنے تمام روحانی ممبران کو شروعات میں اس زکات کی ھدایت کرتا ہوں اس کے فوائد بے شمار ہیں اس کا عامل رجعت سے محفوظ رہے گا اور کسی بھی عمل یا نقش کی تاثیر کو بڑھانے کے لئے اوائل میں ایک بار پڑھنا از حد مفید ہے اس کی زکات ادا کرنے سے حروف کے موکل عامل سے مانوس ہو جاتے ہیں روزانہ کے ورد سے یہ فائدہ بھی ہوگا کہ ہر ایک حروف کے موکل کا نام ازبر ہو جائیگا اور یہ بہت ساری جگہوں میں کام دیگا بالخصوص جفری اعمال کی تیاری میں جبکہ آپ کے پاس کتاب نا ہو اور فوراً کوئی عمل تیار کرنا ہو واضح رہے کہ حروفِ تہجی کے موکلینِ باطنی ہی دراصل ہر قسم کے اعمال و نقوش میں متصرف ہوا کرتے ہیں اگرچہ ان کا نام لکھا یا نا لکھا ہو مثلاً آپ نے کسی عمل یا نقش کے لئے موکل ترکیبی کا استخراج کیا جو کہ کچھ بھی ہو سکتا ہے ملکاءِیلُ سقاءِیلُ وغیرہ وغیرہ تو ان موکلین کا رابطہ براہ راست حروف تہجی کے موکلین سے ہوتا ہے بلکہ یہ سارے مستخرجہ موکلین خدام اعوان و جن وغیرہ سب کے سب موکلینِ باطنی کے تابع ہوا کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ صرف ان موکلینِ حروفِ تہجی کی تسخیر سے ہی تمام تر بے شمار و لا تعداد موکلین کی تسخیر ہو جاتی ہے

حروفِ تہجی کی زکات اوراس کے موکلین کی تسخیر پر احباب کی خاطر رسالہ ترتیب دی جا چکی ہے فی الوقت

درود کبریتِ احمر کی زکات

ابتدائی اسباق والے احباب کے لئے شائع کررہا ہوں، درود کبریتِ احمر کی زکات سے آپ اس روحانی سفر کے مسافر بن جائینگے بشرطیکہ جملہ لوازمات وشرائطِ عاملین بجا لاکر اپنا روحانی سفر جاری رکھ سکیں، اس کی زکات کا طریقہ یہ ہے کہ جمعرات کو روزہ رکھیں اور دن گذار کر شبِ جمعہ بعد نمازِ عشاء خلوت میں اس درود کو ۲۸ مرتبہ پڑھیں اس عمل میں حصار کی ضرورت نہیں کیوں کہ یہ عمل از قسم حصار بھی ہے پڑھتے وقت خوشبو سلگائے لوبان یا بہترین اگربتی اپنے کپڑوں کو معطر کرے وقت اور جگہ مقرر رکھیں اس میں زرا بھی فرق نا آنے پائے دوران عمل جو کچھ مشاہدہ کرے ہرگز کسی سے نا کہے صرف مجھے اطلاع کرے اس عمل میں کوئی ڈر یا خوف ہرگز نہیں ہوتا بلکہ طبیعت شاد رہتی ہے اور دل نرم ہوتا ہے، ۲۸ دنوں کی زکات ہے بعد ۲۸ دن کے آپ عامل ہو جائینگے اور پھر روزانہ ایک مرتبہ بعد فجر ورد میں رکھیں اور جب بھی کوئی نقش یا طلسم تیار کریں ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا کریں تیزی سے اثر ہوگا اور جب کوئی چلہ کھینچے عمل سے قبل روزانہ ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں رجعت سے محفوظی کے ساتھ عمل مقبول ہو، روحانی ممبران میں سے جو احباب نئے ہیں وہ اس کی زکات ادا کرنا چاہیں تو ان کو اجازت ہے تیاری سے قبل صرف اطلاع کردے اور اگر بعد میں اپنی سہولت کے مطابق زکات ادا کرنا ہو تو تب تک روزانہ ایک مرتبہ بعد نماز فجر کے ورد میں رکھے اللہ تعالیٰ اپنے حبیب دلوں کے طبیب مصطفےٰ جانِ رحمت ﷺ کے صدقے مجھے اور آپ سب کو علمِ نافع عطاء فرمائے آمین

خواص و زکات آیت قطب

ازقلم صوفی محمد عمران رضوی القادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُعَاسًا يَغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ

اس آیت کا نزول جنگ احد کے موقعہ پر ہوا جب کہ اصحاب رسول ﷺ میدانِ احد میں سخت حیران و پریشان تھے ٹھیک اسی وقت اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین پر احسان فرمایا اور عین شبابِ جنگ کے وقت ان پر اونگھ طاری فرمادی۔۔۔فرمایا دوران جنگ اونگھ کا طاری ہونا امن و عافیت کی علامت ہے اور نماز میں شیطانی خلل، سورہ انفال میں اسی اونگھ کا ذکر واقعہ بدر کے تعلق سے آیا رب تعالی کا ارشاد ہوا اذ یغشیکم النعاس (انفال۔۱۱) جب اس نے تمہیں اونگھ سے گھیر دیا تو اس کی طرف سے چین تھی۔۔۔ٹھیک اسی طرح جنگ احد کے دن اصحاب رسول ﷺ پر ثم انزل علیکم من بعد غم امنۃ النعا سا یغشی تحفہ امن و عافیت بن کر نازل ہوا حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جنگ احد کے دن مجھے اس زور سے نیند آنے لگی کہ میری تلوار کئی بار ہاتھ سے چھوٹ کر زمین پر گر گئی حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر تھا جب خوف سخت ہوا تو اللہ

تعالیٰ نے ہم پر نیند طاری فرمادی اس نیند کی وجہ سے ہم میں ہر ایک کی تھوڑی سینے سے لگتی تھی۔۔۔لیکن اس کے برعکس منافقین کا گروہ سخت اضطرابی کیفیت سے دو چار رہا۔۔۔نزول سکینہ واطمنان کے تعلق سے اس مقام پر تفسیر مظہری میں آیا ہے کہ جو رحمت وسکینہ اصحاب رسول ﷺ پر اس دن نازل ہوا تھا اسی رحمت کا نزول جماعت اولیاء وصوفیا پر ہوتا ہے اس تفسیر صوفیانہ کے پیش نظر راقم السطور فقیر قادری عرض کرتا ہے یہی وجہ ہے کہ بزرگان دین باطل قوتوں کے سامنے عزم وہمت کا چٹان بن جاتے ہیں اور ان کے پائے استقامت میں زرہ برابر بھی تزلزل نہیں آتا نا ہی کسی جابر وظالم سے مرعوب ہوتے ہیں کیوں کہ رب تعالیٰ ان پر وہی سکینہ نازل فرما تا دیتا ہے جو اس نے اپنے حبیب ﷺ کے جانثاروں پر نازل فرمائی تھی۔۔۔اس قدر تمہید سے آیت مذکورہ بالا کی عظمت وافادیت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے باقی دنیائے عملیات میں آیت قطب کا عمل اور اس کا حصار اس قدر مشہور ومعروف ہے کہ شاید وباید ہی کوئی ایسا عامل ہوگا جس نے آیت قطب کی زکات ادا نا کی ہو، روحانی اعتبار سے اس آیت کو آیت قطب اس لئے کہا جاتا ہے کیوں کہ اس ایک آیت میں ابجد کے اٹھائیس حروف موجود ہیں جس سے قرآن مقدس کی فصاحت وبلاغت کا بھی پتا چلتا ہے، اس راہ کے مسافر جانتے ہیں کہ آیت قطب ان کے لئے زاد راہ اور توشہء روحانیت ہے غرضیکہ عاملین وسالکین کے لئے آیت قطب کی زکات و ریاضت اور اس پر مداومت از حد ضروری ہے اپنی عادت کے مطابق طول کلامی سے گریز کرتے ہوئے زکات کا طریقہ قلمبند کرتا ہوں

آیت قطب کی زکاتِ یک روزہ

زکات اس آیت کی ایک دن میں ادا کی جاتی ہے یہ آیت تاثیر کے لحاظ سے جلالی ہے لہٰذا اس کی زکات و ریاضت بغیر اجازت وترک حیوانات جلالی جمالی کے کبھی نا کرے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے

جب عامل اس آیت کا بنا ہو اول اجازت اپنے مرشد یا استاد کے حاصل کریں بعدہ ۳ روز یا بہتر ہوگا کہ ۷ روز قبل سے ہی ترک حیوانات بجالائے جب جمعرات کا دن آئے بعد نماز فجر تازہ غسل کرے اور احرام باندھ کر خلوت میں داخل ہو، دو رکعت نفل ادا کرے جس کی ہر رکعت میں بعد فاتحہ کہ ۳ بار آیت قطب یا سورہ اخلاص پڑھے ثواب اس کا پیرانِ پیر سرکار غوثِ پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح طیبہ کو نذر کرے پھر اجابتِ عمل کی دعاء کرے اور اپنا حصار آیۃ الکرسی چہار قل پڑھ کر باندھے اور قراءت شروع کرے ایک نشست میں چاہے تو ۴۲۶ مرتبہ پڑھ کر ختم کرے اول آخر درود تنجنا ۷ بار اور اگر اس قدر نا بیٹھ پائیگا تو تعداد دو حصوں میں تقسیم کرے یعنی ۲۱۳ مرتبہ فجر کے بعد پڑھے اور ۲۱۳ مرتبہ ظہر کے بعد پڑھ کر ختم کرے بعد ظہر صرف تعداد مکمل کرنی ہے نفل کی حاجت نہیں اب آپ عامل آیت قطب کے ہو چکے ہیں لیکن اس زکات میں آپ کسی کو اجازت نہیں دے سکتے اگر دینگے تو آپ کا عمل رخصت ہو جائیگا یہ بات بھی نوٹ فرمالیں کہ یہ زکات اگرچہ ایک دن کی سادہ سی معلوم ہوتی ہے لیکن یہ ہے بہت جلالی لہٰذا اس کے لئے ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں آپ کو کوئی دوران عمل نا دیکھ سکے ورنہ دماغی خلل کا اندیشہ ہے بارہا ایسا ہوتا ہے کہ کوئی آکر بلا وجہ دروازہ پیٹنا شروع کر دیتا ہے اور عامل مارے گھبراہٹ کے خلوت سے باہر آجاتا ہے جس کی وجہ سے نا صرف یہ کہ زکات نامکمل رہتی ہے بلکہ رجعت بھی ہو جاتا ہے یہ سطور ملحوظ و رکھیں بہت ساری جگہوں میں کام آئیگی بعد زکات کے روزانہ ۷ مرتبہ آیت قطب کا ورد رکھیں تاکہ عمل قائم رہے اگر ۳ دن لگاتار ناغہ ہوگیا تو عمل ضائع ہو سکتا ہے اب عامل ان امور میں جن کا ذکر آگے آتا ہے، اس آیت سے استفادہ کر سکتا ہے

حروفِ تہجی کی نسبت سے آیت قطب کے ۲۸ خواص

اس ضمن میں حروفِ تہجی کی نسبت سے اٹھائیس خواص سپردِ قرطاس کرتا ہوں ان میں سے بعض ایسے ہیں کہ آپ کو کہیں نا ملینگے اور اکثر ان میں ایک جدا مضمون چاہتا ہے، میں صرف اشارہ دیکر گذر جاؤنگا باقی عاملین اپنے صوابدید پر کام میں لائیں

(۱) اس کا عامل کبھی مقروض نہیں ہوگا اور روزی اس کی کشادہ ہوگی

(۲) اس کی زکات ادا کرنے والا ہر قسم کے جادو، جنات وشیاطین، آفات وبلیات سے رہتا ہے

(۳) یہ چونکہ ایک بہترین حصار بھی ہے لہذا اس کا عامل حصار کا عامل گردانا جائیگا اور کسی بھی مکان و دکان یا فیکٹری کا حصار کر سکے گا

(۴) جسم میں کہیں بھی درد ہو اس کا عامل محض ایک بار پڑھ کر دم کرے تو آرام ہوگا

(۵) آسیب زدہ کو اس کا نقش لکھ کر پلائے تو آسیب دفع ہو جائے

(۶) سحر زدہ کے لئے اس کا پلیتہ بنا کر جلوائیں تو سحر باطل و ناکارہ ہو جائے

(۷) وبائی امراض سے حفاظت کے لئے لکھ کر دروازے پر آویزاں کرے تو اہل خا رہے

(۸) اس کا نقش مربع بچے کے گلے میں ڈالیں تو ہر بلاء سے رہے

(۹) اس کا عامل ہر قسم کے اعمال کی رجعت سے رہتا ہے اس لئے میرا طریقہ ہے مبتدیوں کو اس کی زکات اوائل میں ہی دلواتا ہوں

(۱۰) حروف تہجی کی زکات سے قبل ہمارے یہاں آیت قطب کی زکات ادا کرائی جاتی ہے اس کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ حروف تہجی کی روحانیت عامل سے پہلے ہی آشنا ہوتی ہے اور یہ شناسائی آیت قطب کے وسیلے سے ہوتی ہے لہٰذا جب عامل حروف کی زکات ادا کرتا ہے موکلین بلا تامل دعوت قبول کرتے ہیں

(۱۱) آیت قطب کا عامل دنیا میں کبھی بھی ذلیل وخوار نہیں ہوتا بلکہ ہمیشہ معزز ومحترم رہتا ہے

(۱۲) حصار قطبی جو کہ اسی آیت سے ترتیب دی گئی ہے، عامل اس کے ذریعہ ہر قسم کا حصار کر سکتا ہے مثلا حاضری والے مریض کا حصار کرنا کہ اس پر جن شیطان ہمزاد کی حاضری نا ہو، اسی طرح کسی کے جان کو خطرہ ہو یا کسی کا مال نقصان ہونے سے بچانا ہو وغیرہ وغیرہ

(۱۳) دوران سفر ۳ بار پڑھ لیں تو چوری اور حادثات سے مکمل حفاظت رہے

(۱۴) کسی مکان کو کیلنے کے لئے دو انچ لوہے کی کیل پر ۷ مرتبہ حصارِ قطبی دم کرے اور مکان کے کونوں میں اوپر کی جانب کلوا دے جس قدر کونے ہونگے اتنے کیل اور ہر کیل پر ۷ مرتبہ دم کرنا ہوگا

(۱۵) لاعلاج مرض کے لئے چینی کے پلیٹ میں آیت قطب زعفران سے لکھیں اور اصلی عرقِ گلاب یا آب زمزم سے دھو کر روزانہ مریض کو پلائیں پھر اس آیت کا معجزہ دیکھیں

(۱۶) دعائے حزب البحر کی زکات یا مداومت سے قبل آیت قطب کی زکات ادا کرنا بہت عمدہ ہے

(۱۷) کسی بھی عمل با موکل کی زکات سے قبل تقریبا ۳ ماہ پیشتر آیت قطب کی زکات ادا کی جا چکی ہو اور عامل اس کی مدوامت کرتا آرہا ہو تو عمل با موکل میں رجعت کا مکان کم ہو جاتا ہے

(۱۸) اگر کسی کو رجعت ہو جائے تو اس آیت کا نقش مثلث ساعت قمر میں لکھ کر گلے میں ڈالے اور ۲۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائے

(۱۹) ضدی بچے کے گلے میں ڈالے تو ضد کرنا ترک کر دے

(۲۰) مرگی زدہ یا مجنون کے کان میں ۷ مرتبہ پڑھ کر پھونکے تو افاقہ ہو

(۲۱) حروف صوامت سے جو بندش لگائی جاتی ہے اس کی کاٹ کے لئے اس آیت کا نقش مربع کام میں لائیں

(۲۲) عداوت کے واسطے آیت قطب کو مفرد لکھ کر آگے البغض فلاں بن فلاں علی قلب فلاں بنت فلاں لکھے اور دو قبروں کے درمیان دفن کرے تو ناجائز تعلق کا خاتمہ ہو

(۲۳) دائرہ آیت قطب پر نظر رکھتے ہوئے حروفِ تہجی کی زکات نکالی جائے تو حروف کا ناسوتی عمل جاری ہو

(۲۴) دشمنوں سے حفاظت کے لئے آیت قطب کو اتوار کے دن اول ساعت میں لکھیں اور اپنے دشمنوں کا نام مع والدہ لکھیں، اس کاغذ کو فولڈ کر کے اپنے مکان کی غربی دیوار پر کیل کے ساتھ گاڑ دے تو دشمن خواہ کتنے ہوں کوئی نقصان نا پہنچا سکے

(۲۵) زبان بندی کے لئے اس کا نقش مثلث لکھے اور نقش کے نیچے بستم بستم بستم زبان فلاں بن فلاں لکھ کر اپنے گھر میں کسی بھاری سامان کے نیچے دبائے

(۲۶) قضائے حاجت کے لئے روزانہ ایک مرتبہ آیت قطب لکھ کر اپنا مقصد لکھے اور پھر یہ لکھے بحق قطب الکونین سید الثقلین سیدنا و مولانا محمد ﷺ آلہ واصحابہ وبارک وسلم ۲۸ دنوں میں حاجت پوری ہو لکھے ہوئے کاغذ کو گولی بنا کر دریا میں ڈالے

(۲۷) اگر کوئی اپنے اندر نفاق کا مادہ پائے اور وہ اس بلاء سے چھٹکارہ پانا چاہے اور اخلاص و ایمان کی حلاوت سے سرشار ہونے کا خواہشمند ہو تو صدق دل سے اس آیت کو بعد نماز عصر کے ۱۱ مرتبہ پڑھا کرے ان شاء اللہ ایمان قوی ہوگا اور نفاق زائل

(۲۸) اس آیت کی بڑی زکات جس سے عامل دوسروں کو اجازت دے سکے گا اس کا طریقہ یہ ہے کہ شرائط معلومہ کے ساتھ ۴۰ دنوں تک ۳۶۰ مرتبہ ایک نشست میں پڑھ کر ختم کرے یہ زکات تا عمر باقی رہتی ہے اور مداومت کے ترک سے بھی عمل رخصت نہیں ہوتا جب کہ اول الذکر زکات میں مداومت لازمی ہے اگر لگاتار تین دن ناغہ ہو جائے تو از سر نو زکات ادا کرنی ہوگی

حصار قطبی باموکل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ یَامِکَاءِیلُ یَامِکَاءِیل یَامِکَاءِیل مِن بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَۃً نُعَاسًا یَغْشٰی طَآءِفَۃً یَارَفْتَمَاءِیلُ یَارَفْتَمَاءِیلُ یَارَفْتَمَاءِیلُ مِنْکُمْ وَطَاءِفَۃٌ قَدْ اَھَمَّتْھُمْ اَنْفُسُھُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰہِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاھِلِیَّۃِ یَاسَرْطَاءِیلُ یَاسَرْطَاءِیل یَاسَرْطَاءِیل یَقُوْلُوْنَ ھَلْ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّہٗ لِلّٰہِ یُخْفُوْنَ فِیْٓ اَنْفُسِھِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَکَ یَقُوْلُوْنَ لَوْ کَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا یَااَمْرَاءِیلُ یَااَمْرَاءِیل یَااَمْرَاءِیل ھٰھُنَا قُلْ لَّوْ کُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِکُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْھِمُ الْقَتْلُ یَااِسْرَافِیلُ یَااِسْرَافِیلُ یَااِسْرَافِیل اِلٰی مَضَاجِعِھِمْ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰہُ مَا فِیْ صُدُوْرِکُمْ یَادَرْدَاءِیلُ یَادَرْدَاءِیلُ یَادَرْدَاءِیلُ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ اَھْیًا اِشْرَاھِیًا عَلِیقًا مَلِیقًا تَلِیقًا خَالِقًا مَخْلُوقًا بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ وَبِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

نقش مربع آیت قطب کا یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

قولہ — الحق

عزرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

۵۵۴۲	۵۵۴۵	۵۵۴۹	۵۵۳۵
۵۵۴۸	۵۵۳۶	۵۵۴۱	۵۵۴۶
۵۵۳۷	۵۵۵۱	۵۵۴۳	۵۵۴۰
۵۵۳۹	۵۵۴۴	۵۵۳۸	۵۵۵۰

نقش مثلث آیت قطب کا یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قولہ — جبرائیل علیہ السلام — الحق

۷۳۹۴	۷۳۸۶	۷۳۹۱
۷۳۸۸	۷۳۹۰	۷۳۹۳
۷۳۸۹	۷۳۹۵	۷۳۸۷

عزرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

الملک — اسرافیل علیہ السلام — ولہ

چراغ تسخیر دولت

حصول مال و دولت کیلئے ہمارے یہاں سے مختلف الواح ونقوش اور چراغ تیار کر کے دیا جاتا ہے اللہ کے فضل سے **طلسمی چراغ و پلیتہ برائے دولت** کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی اسی سلسلے کی ایک کڑی یہ چراغ ہے جس کا نام میں نے **چراغ تسخیر دولت** رکھا یہ چراغ مال وزر روپے پیسے کو کشش کرنے میں اثر تمام رکھتا ہے بشرطیکہ آپ کے ساتھ کوئی بندش یا جادو ٹونا یا شیطانی آسیبی اثرات کا دخل نہ ہو ورنہ آپ کو طلسمی چراغ و پلیتہ برائے دولت کی ضرورت پڑیگی اور اگر ان نحوستوں سے پاک ہیں تو اس چراغ سے فائدہ اٹھائیں دن گزرتے دولت میں اضافہ ہوتا چلا جائیگا چراغ کے موکل بہت جلد مانوس ہو جاتے ہیں اور نہایت کریم النفس اور شفقت فرمانے والے ہیں چراغ روشن کرتے ہی لطف و کرم کی بارش ہوگی بے برکتی اپنا سامنہ لیکر دفعہ ہو جائیگی کاروبار میں غیر متوقع طور پر ترقی ہونے لگے گی نوکری پیشہ افراد کی تنخواہ ضرور بڑھ جائیگی کام کی جگہوں میں عزت افزائی ہوگی مال وزر مختلف بہانوں سے آنا شروع ہو جائینگے۔۔۔فی الوقت جو آپ کی مالی حیثیت ہوگی اس میں گراوٹ اور تنزلی کبھی نا ہوگی خدا کے فضل سے ہمیشہ ترقی پزیر رہینگے غرض یہ کہ اس چراغ کے روشن کرنے سے دولت کے حصول کے ساتھ ساتھ اس کی حفاظت بھی ہو جاتی ہے۔

اہل بابل اور کلدانیوں کے سحر

سحر کے معنی لغت میں امر مخفی و پوشیدہ چیز کے ہیں اور علمی اصطلاح میں ایسے عجیب وغریب امور کا نام ہے جن کے وجود میں آنے کے اسباب وعلل نظر سے پوشیدہ ہوں۔

امام رازی صاحب کے بقول لفظ سحر اصطلاح شریعت میں ایسے امر کے لئے مخصوص ہے جس کے سبب مخفی ہو اور وہ اصل حقیقت کے خلاف نظر وخیال میں آتے ہیں۔علماء اہل سنت کی رائے میں سحر واقعی حقیقت ہے اور مضرت رساں بھی ہے۔حق تعالیٰ نے حکمت اور مصلحت کاملہ کے پیش نظر اس میں اس طرح مضر اثرات پیدا کر دے ئے ہے جسے دوسری چیزیں مثلاً زہر اور نقصان رسا ادویات میں موجود ہیں۔یہ بات نہیں کہ سحر جادو بذات خود قدرت الٰہی سے بے نیاز ہو کر موثر بالذات سمجھنا کفر خالص کفر ہے۔علامہ عماد الدین ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ فقہائے اسلام نے سحر کے متعلق تصریح کی ہے کہ جن اعمال میں شیاطین اور ارواح خبیثہ اور غیر اللہ سے استعانت طلب کیجائے اور ان کو حاجت روا قرار دیکر منتروں کے ذریعہ اس کی تسخیر کیجائے اور ان سے کام لیا جائے تو شرک کے مطرادف ہے اور اس کا عامل کافر ہے اور جب اعمال میں ان کے علاوہ دوسرے طریقے استعمال کریں اور ان سے مخلوق خدا کو نقصان پہونچایا جاوے اور طرح طرح کی مصیبتوں ڈالا جاوے اس قسم کے امور کا مرتکب حرام اور گناہ کبیرا کا مرتکب ہے اور جناب آقائے نامدار سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشاد فرمایہ ہے کہ اجتنبو اللموبقات الشرك با الله والسهر (بخاری شریف) ترجمہ مہلک باتوں سے بچو یعنی شرک اور جادو سے۔علامہ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہے کہ نودی نے فرمایا کہ عمل سحر حرام ہے اور بالا جماع گناہ کبیرہ ہے۔آقائے نامدار سید ابرار احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے سحر کو سات مہلک چیزں میں شمار کیا ہے۔

سحر بعض صورتوں میں کفر ہے اور بعض صورتوں میں حرام اور بعض صورتوں میں گناہ کبیرہ ہے۔ بہر حال سحر کا سیکھنا اور سکھانا کفر حرام ہے اللھم حفضنا بہت سے جہلاء سحر کے مانند معجزہ سمجھتے ہیں مگر علماء صلحائے کرام طزرگان دین نے اس خیال باطل کو رد کیا اور سحر معجزہ کے فرق کو صاف صاف بیان کیا ہے فقہانے اس کی تسریح کی ہے کہ معجزہ براہ راست خداوند تعالی کا فعل ہے جو بغیر اسباب کے ایک صادق نبی کی صداقت کے لئے عالم وجود میں آتا ہیاوراس کا کوئی اصل قاعدہ قانون نہیں ہوتا بلکہ جب خدا چاہتا ہے یا اس کا نبی بارگاہ خدا میں رجوع کرتا ہے تب معجزہ کا ظہور ہوتا ہے۔ سحر اور جادو ایک فن ہے جس کو اس کے مقررہ اصول اور قوانین کی پابندی کے ساتھ استاد فن ساحر اپنے فن کا ہر وقت مظاہرہ کر سکتا ہے گو کہ اس کے اسباب نظروں سے پوشیدہ ہوتے ہیلیکن اس فن کے واقف کار اس سے واقف ہوتے ہیں۔

اور حقیقت سحر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے توسل کو چھوڑ کر خفیہ اسباب وعلل کے ذریعہ خلاف عادت افعال عجیبہ پر قدرت کا نام سحر ہے۔ دنیا میں مختلف الانوع واقسام کے مروجہ لاتعداد طریقہ ہیں خفیہ اسباب کہ جن کے ذریعہ امور خرق عدت ظہور میں آتے ہیں۔ کچھ روحانیات سے متعلقہ ہیں۔ جیسے روحانیات کواکب، افلاک اور عناصر کی روحانیات جزئیہ ہیں۔ مثال کے طور پر روحانیات امراض یا جنات وشیاطین، یا دہ ارواح جو جسم سے الگ ہو چکی ہیں اور اس کو مسخر و تسخیر کر کے ان کو مختلف کاموں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ یا، تاثیرات جسمانیہ ہیں جو اپنی مخصوص تراکیب یا مختلف کبوقیات کے اجتماع یا صورت نوعیہ کے خواص کی بناء پر عمل میں آتی ہیں۔

روحانیات سے مناسبت یا تعلق پیدا کرنے کے مختلف طریقے ہیں۔ کبھی ان کا نام لیکر مقررہ طریقے سے التجا فریاد کی جاتی ہے یا م مخصوص صورتیں ترکیب دیکر مخصوص کلام پڑھا جاتا ہے۔ دو طریقوں پر سحر پایا جاتا ہے اول طریقہ کلدانیوں کا ہے اور دوسرا طریقہ اہل بابل کا ہے۔ دوسرے طریقے کا آغاز ہاروت ماروت سے ہورہا ہے۔

معتبرہ تاریخوں کے مطالعہ یہ پتہ چلتا ہے کہ کلدانی، سحر کے بڑے ماہر ہوتے تھے اور نمرود کے زمانہ مں علمائے بابل نے چھ طلسم ایسے تیار کئے تھے جو عقل وفہم سے باہر تھے۔

۱۔کلدانیوں نے تانبے کی بط بنائی تھی اس کی خصوصیات یہ تھی کہ جب کوئی چور یا جاسوس شہر چاردیواری میں داخل ہوتا تھا تو یہ بط خود بولنے لگتی تھی تو لوگ سمجھ جاتے تھے کہ شہر میں کوئی جاسوس یا چور داخل ہوا ہے اور لوگ اس کی تلاش میں لگ جاتے تھے اور اس کو گرفتار کرلیا جاتا تھا۔

۲۔ایک عجیب نقارہ تیار کیا تھا اس کی خصوصیات یہ تھی کہ اگر کسی شخص کا مال ورقم اور کوئی شے گم ہوجاتی تھی تو وہ شخص نقارہ بجاتا تھا اس سے آواز آتی تھی کہ تمہاری شے فلاں جگہ یا فلاں کے پاس ہے۔

۳۔ایک ایسا حوض ترکیب دیا تھا کہ کسی جزن کے موقعہ پر لوگ اس کے کنارے جمع ہوجاتے تھے اور مختلف قسم کے شربت اس میں ڈال دیتے تھے اور جس وقت ان کو ضرورت ہوتی وہی ان کا مطلوبہ شربت اس شخص کو مل جاتا تھا

۴۔ایک ایسا آئینہ تیار کیا تھا جو غائب کا حال بتاتا تھا کہ فلاں شخص کہاں ہے اور کس حال میں ہے۔

۵۔ایک ایسا تالاب بنایا تھا کہ جس میں مختلف قسم کے مسائل حل کئے جاتے تھے مثلاً کسی ایک چیز کے دو شخص دعویدار ہیں کہ میری ہے دوسرا کہتا ہے کہ میری ہے تو ان دونوں کو تالاب میں اتارا جاتا تھا۔جو حق ہوتا تھا تو تالاب کا پانی ناف تک آتا اور جو غلط ہوتا تھا وہ شخص اس تالاب میں غرق ہوجاتا تھا۔

۶۔ایک ایسا درخت نمرود کے محل کے دروازہ کے سامنے لگایا تھا جس کا سایہ آدمیوں کے تعداد کے مطابق گھٹتا اور بڑھتا تھا یہ سب طلسمات نمرود کے دارالسلطنت شہر بابل میں موجود تھے۔

فن شہر کے ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ سحر کلدانی بہت ہی مشکل ہے اس کے حاصل کرنے میں سخت سے سخت محنت ومشقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔اتنا ضرور ہے کہ اس علم کا عامل اپنے علمی کمالات سے وہ کمالات اور امور خوارق دعادات لوگوں کو دکھاتا ہے جن کو عقل وفہم بھی سمجھنے سے قاصر ہیں اس جادو میں تمام

جس مریض کو طبیب مہینوں کے علاج سے صحت یاب نہیں کر پاتا اس جودو کا جاننے والا لمحوں میں تندرست کرسکتا ہے اس قسم کے سحر بلاشبہ کفر ہے۔اس سحر کی پندرہ شرطے ہیں جن میں چند شرطے یہ ہیں۔ارواح کو دلوں کے حالات پر مطلع ہونے کا یقین۔ارواح کے خلاف ذرا بھی بدعقیدگی پیدا ہوگئی تو سارا کام بنا بنایا بگڑ گیا۔روحانیات کواکب کی تسخیر میں سب سے پہلا طریقہ و عمل تسخیر قمر کا ہے اور تسخیر کے قمر کی دعوت میں جو کلام پڑھا جاتا ہے وہ کفر یہ ہے اس لئے اس کا تحریر کرنا بھی مناسب نہیں ہے۔کیونکہ اصول اسلام کے خلاف اور توحید کے منافی ہے۔اہل بابل ہاروت و ماروت کی تعلیم کے مطابق تسخیر روحانیات علویہ سفلیہ جسمانیہ وغیرہ کرتے تھے اور اہل یونان تسخیر روحانیات علویہ پر اکتفا کرتے تھے اس کا خیال تھا کہ روحانیات علویہ کی تسخیر کے بعد روحانیات سفلیہ کی تسخیر کی ضرورت نہیں ہے۔زمانہ قدیم میں ہندوستان بھی سحر اہل بابل کا رواج تھا متقدمین ہندستانی روحانیات پر زور دیا کرتے تھے سحر کی دوسری قسم جن و شیاطین کو تسخیر کرنے کی ہے یہ پہلی قسم سے سہل اور آسان ہے ہندستان میں سحر کی یہ دوسری قسم بکثرت رائج ہے۔اس دوسری قسم کے سحر میں بھوانی، ہنومان، کالی بھیروں، لونا چماری اور مختلف دیوی، دیوتاؤں کی دہائیاں دیکر ان کے جائے وقوعہ پر خوشبو جلا کر، دھونی دیکر، بھینٹ چڑھا کر کام لیا جاتا رہا اور کام لیا جا رہا ہے یہ دوسری قسم سحر بھی حرام و کفر ہے۔

تیسری قسم کی سحر کی تسخیر ارواح خبیثہ ہیں اس میں کسی قوی ہیکل قوی الجثہ شخص کی روح کا کلام شیاطین پڑھ کر تسخیر کرتے ہیں اور اپنے تابع کر لیتے ہیں اور ان سے مثل نوکر کے کام لیتے ہے اس قسم کے سحر میں اکثر عام طور سے ارواح خبیثہ سے ہی کام لیا جاتا ہے اس لئے شرعاً یہ بھی ممنوع و حرام ہے۔چوتھی قسم کی سحر یہ ہے کہ اس قسم میں معمول کی قوت واہمہ کو بعض ارواح خبیثہ یا جنات کے ذریعہ خراب کر دی جاتی ہے یعنی معمول کو سامنے کی چیز نظر نہیں آتی، اگر نظر آتی ہو تو لناک صورت میں دیکھائی دیتی ہے۔

عون کے جادوگروں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ میں اسی قسم کے سحر سے بنائے ہوئے سانپ چھوڑے تھے اسی قسم کے جادو کو سامری جادو بھی کہا جاتا ہے جو کہ فرعون کا سب سے بڑا جادوں گر تھا۔اس قسم میں ارواح خبیثہ سے مدد لی جاتی ہےاورشیطان کے ناموں کی دہائی دیجاتی ہے اور حد سے زیادہ ان کی تعظیم کی جاتی ہیں۔یہ بھی کفر ہے۔

پانچوں قسم کی سحر یہ ہے کہ اس میں عجیب وغریب نظارے لوگوں کو دیکھائے جاتے ہیں۔

یوں تو اگر سحر کی قسموں کو بیان کیا جائے تو ایک ضخیم کتاب درکار ہے۔بس اتنے پر ہی اکتفا کرتا ہوں شائقین عاملین کی معلومات میں اضافہ کیلئے اتنا ہی کافی ہے۔اس موضوع پر مضامین بہت زیادہ ہیں انشاءاللہ جلد ہی شائع کئے جائینگے۔

استخارہ بسم اللہ شریف

ایک آسان اور مجرب استخارہ

اکثر لوگ آسان اور مجرب استخارہ پوچھتے ہیں ویسے تو بہت سارے آسان استخارے ہیں لیکن یہ استخارہ نہایت آسان اور آزمودہ ہے، جس کسی کو کسی کام میں ہاتھ ڈالنا ہو اور نہیں جانتا کہ اس میں اس کے لئے خیر ہے یا نہیں تو چاہئے کہ دو رکعت نفل بہ نیت استخارہ ادا کرے ہر دو رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ۴۰ بار سورہ اخلاص یعنی قل ھو اللہ احد پڑھے بعد سلام پھیرے کے ایک ہزار مرتبہ یا خبیر اخبرنی پڑھے اول آکر درود شریف ۱۱-۱۱ بار پھر پاک بستر پر بیٹھ کر بائیں ہاتھ سے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کالی سیاہی سے مندرجہ ذیل نقش لکھے اور داہنا ہاتھ اپنے سر کے نیچے رکھ کر سو جائے اور اپنے مقصد کو ذہن میں رکھیں کہ مثلاً فلاں کام میرے لئے کیسا ہے، یا فلاں کام میں میرے لئے کیا حکم ہے انشاءاللہ پہلے روز ہی آپ کو خواب میں جواب مل جائیگا ورنہ تیسرے دن تو ضرور بالضرور مل جاتا ہے بعض اوقات بجائے عالمِ رویا کے جواب بیداری میں بھی مل جاتی ہے وہ نقش جو ہتھیلی میں لکھی جائیگی یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فوراً جبرائیل علیہ السلام بحق

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
الرحیم	الرحمن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمن
الرحمن	الرحیم	بسم	اللہ

عزرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

یا خبیر اخبرنی بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ادارہ روحانی امداد

Idara Roohani Imdad

The Spiritual Guidance & Healing

☐ ***Roohani Membership For Full Guidance & Amil Course***

☐ ***Roohani Membership For Guidance Only***

- Full Name :
  Father Name :
- Age :
- Date of Birth :
- Full Address with pin code :
- Mobile number :
- WhatsApp number :
- Email id :
- Educational qualification :
- Mother tongue :

PHOTOGRAPH

Declaration:-

I __________________ solemnly and sincerely declare that I have accepted the membership of Idara Roohani Imdad and pledge that I will support and co-operate all the activities of Idara Roohani Imdad.

میں ______________ سنجیدگی اور اخلاص کے ساتھ ادارہ روحانی امداد کی رکنیت قبول کرتا ہوں اور وعدہ کرتا ہوں کہ ادارہ کے تمام عملی و اشاعتی سر گرمیوں میں بھرپور تعاون کرونگا

(Signature)

Head Office : #12/J, Patwar Bagan Lane, Kolkata(700009), West Bengal, India
Telephone : +91 33 25587502 Mobile : +91 98830 21668
Website: www.idararoohaniimdad.in Email Address: sufiimranrazvee@yahoo.com